Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

منظوم عرضی

بہ پیش خدمت

شیخ الاصفیاء فخر الاولیاء

حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لا اُبالی الجیلانی فقیرؒ

المعروف حضرت پتھر والے صاحب

تخیلات

۱۴۴۱ ھ

(عرض داشت قمرؔ)

مصنفہ: الحاجہ قمر النساء بیگم قمرؔ المعروف واعظہ بی مرحومہ

(قائم مقام واعظہ موتی بیگم)

سنہ تحریر یکم ربیع الآخر ۱۳۷۶ھ مطابق 1956

ترتیب وتدوین

قطمیرِ غوث اعظمؒ و لطیف لا اُبالیؒ

ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی الجیلانی سجادؔ

سجادہ نشین بارگاہ حضرت فخر الاولیاءؒ المعروف پتھر والے صاحب

زیر اہتمام: محمد اسلم خان احقرؔ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadari Digitization eGangotri

منظوم عرضی

به پیش خدمت

شیخ الاصفیاء فخر الاولیاء

حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لا اُبالی الجیلانی فقیرؒ

المعروف حضرت پتھر والے صاحب

تخیّلات

۱۴۴۱ ہجری

(عرض داشت قمرؔ)

مصنفہ: الحاجہ قمر النساء بیگم قمرؔ المعروف واعظہ بی مرحومہ

(قائم مقام واعظہ موتی بیگم)

سنہ تحریر یکم ربیع الآخر ۱۳۷۶ھ مطابق 1956

ترتیب وتدوین

قطمیرِ غوثِ اعظمؓ و لطیف لا اُبالیؒ

ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی الجیلانی

سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مسعد پورہ، کاروان، حیدرآباد دکن (الھند)

زیر اہتمام: محمد اسلم خان احقرؔ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri
Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Qadari Digitization eGangotri

منظوم عرضی

به پیش خدمت

شیخ الاصفیاء فخر الاولیاء

حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لا اُبالی الجیلانی فقیرؔ

المعروف حضرت پتھر والے صاحب

تخیّلات

١٤٤١ ھ

(عرض داشت قمرؔ)

مصنفہ: الحاجہ قمر النساء بیگم قمرؔ المعروف واعظہ بی مرحومہ

(قائم مقام واعظہ موتی بیگم)

سنہ تحریر یکم ربیع الآخر ١٣٧٦ھ مطابق 1956

ترتیب وتدوین

قطمیرِ غوثِ اعظمؒ و لطیف لا اُبالیؒ

ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی الجیلانی

سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ، کاروان، حیدرآباد دکن (الھند)

زیر اہتمام: محمد اسلم خان احقر

स्कैन्ड/Scanned

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Collection P M Sainin Hyderabad Digitization eGangotri

کتاب کے متعلقات

یکے از مطبوعات دارالھدیٰ سلسلہ نمبر 72

نام کتاب	:	تخیلات (عرض داشت قمر)
مصنف	:	الحاجہ قمر النساء بیگم قمر المعروف واعلہ بی مرحومہ
سنہ تحریر	:	یکم ربیع الآخر ۱۳۷۶ھ مطابق 1956
مرتب	:	ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لا اُبالی الجیلانی
سنہ اشاعت	:	۴ ربیع الثانی ۱۴۴۱ھ مطابق 2 ڈسمبر 2019ء دوشنبہ
تعداد صفحات	:	40
تعداد اشاعت	:	1000
قیمت	:	-/100
کتابت	:	محمد جاوید در مطبع دارالھدیٰ
سرورق	:	انوار گرافکس 9390045494
طباعت	:	مطبع دارالھدیٰ، مستعد پورہ، حیدرآباد۔
ناشر	:	دارالھُدیٰ پبلیشر،

13-4-486، بارگاہ حضرت بالشتروالے صاحب، مستعد پورہ۔ کاروان،
حیدرآباد۔ 006 500۔ تلنگانہ اسٹیٹ، الھند۔

فون نمبر

040-2482 9438, 0091-9396354301,
8686223494, 8099574487

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

رسم اجراء بدست

جناب محمد رحیم الدین انصاری صاحب (صدر نشین اردو اکیڈیمی تلنگانہ)

حقوق

اس کتاب کے مکمل حقوق مطبوعات دارالہدیٰ بارگاہ حضرت پتھروالے صاحب مستعد پورہ حیدرآباد کے حق میں محفوظ ہیں کوئی فرد، ناشر، مطبع یا کمیٹی، ادارہ دارالہدیٰ یا سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھروالے صاحب کی اجازت کے بغیر کتاب یا کسی حصہ کو طبع کرنے کی زحمت نہ فرمائیں۔ ورنہ قانونی چارہ جوئی کی جائے گی اور جرمانہ 15,000,00 (پندرہ لاکھ) روپے عائد کیا جائے گا جو سال 2020ء کے لئے مختص ہوگا۔ یکم جنوری 2021ء سے اس جرمانے میں ہر سال ایک لاکھ روپئے کا اضافہ ہوگا۔

پرنٹرس اور پبلیشرس یا کوئی ایصال ثواب کے لئے اس کتاب کی طباعت کے خواہش مند ہوں تو انہیں طباعت کی تحریری اجازت حاصل کرنا ہوگا (مُلتمس)۔ اور وہ اجازت نامہ کتاب میں شامل کرنا ہوگا۔

دستیابی

13-4-486 بارگاہ حضرت پتھروالے صاحب،

مستعد پورہ، کاروان، حیدرآباد۔ 500006۔

لااُبالی اکیڈمی بارگاہِ سرکارِ لااُبالی کرنول	کاظم سیریز حیدرآباد
عرشی کتاب گھر منڈی میر عالم، حیدرآباد	شیخ الاسلام لائبریری حیدرآباد
حسامی بک ڈپو مچھلی کمان حیدرآباد	مینار بک ڈپو نزد چارمینار، حیدرآباد
ہدیٰ بک ڈسٹری بیوٹرس پرانی حویلی حیدرآباد	ہمالیہ بک ڈپو نامپلی حیدرآباد

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

فہرست

نشان سلسلہ	عنوان	صفحہ
1	کتاب کے متعلقات	2
2	حقوق و دستیابی کے مقامات	3
4	فہرست	4
5	تاثرات	5
6	قطعہ تاریخ صفات	7
7	حضرت فخرِ اولیاءؒ کے مختصر حالات	8
8	آغاز قمرؔ کی عرض داشت	11
17	دارالہدیٰ کی مطبوعات	36

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

تاثرات

الحمد لله احمد الصمد الخالق. العالم النافع الرزاق. اشهد ان لا الـه الا اللـه وحده لا شريک لـه وهو رب المغارب و المشارق و اشهد ان سيدنا و شفيعنا و هبيبنا و نبينا و مولانا محمد صلی الله عليه وآله وسلم و عبده و رسوله نبی ارسله للانس و الخلائق. و علی اٰله و ازواجه و اصحابه و ذريتهٖ و اهل بيتهٖ و اولياءِ امتهٖ مالا ح بارق. اما بعد.

یہ کتاب حضور فخر الاولیاء حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لا اُبالی الجیلانی قدس اللہ سرہٗ سے عقیدت و محبت اور آپ کی عنایت کے اعتراف میں منظوم آپ بیتی ہے جو الحاجہ قمر النساء بیگم قمرؔ المعروف واعظہ بی نے یکم ربیع الآخر ۱۳۷۶ھ مطابق ۱۹۵۶ ازینت قرطاس کیا۔

الحاجہ قمر النساء بیگم قمرؔ المعروف ''واعظہ بی'' بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب میں محافل کے مواقع پر یعنی یکم تا ۱۰ محرم الحرام، یکم تا ۱۲ ربیع الاول، یکم تا ۱۱ ربیع الآخر (گیارہویں شریف)، یکم تا ۶ رجب المرجب (فاتحہ حضور غریب نوازؒ)، ۱۷ تا ۲۰ رمضان المبارک کے علاوہ دیگر متبرک شب و روز میں خواتین میں وعظ کرنے کی خدمت پر مامور تھیں۔ یہ اپنے پیر و مرشد سے بے پناہ عقیدت رکھتی تھیں جس کی تفصیل آپ اندورن کتاب دیکھیں گے۔

واعظہ بی تقریر میں بہترین مہارت رکھتی تھیں اور اس کے ساتھ ساتھ شاعری پر بھی اچھا عبور حاصل تھا۔

اس کتاب میں واعظہ بی نے اپنی تمام آپ بیتی اور فخر الاولیاءؒ کی عنایات کو منظوم پیرایہ میں ڈھال کر اپنے دل کے رازوں سے پردہ اٹھایا ہے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qadri Digitization eGangotri

انتقال کے بعد واعظہ بی کی، درگاہ حضرت سید شاہ موسیٰ قادریؒ میں تدفین کی گئی۔

واعظہ بی نے اس کتاب کا نام عرض داشت قمر رکھا اور مَیں نے تاریخی نام، **تخیلات** ۱۴۴۱ھ رکھا۔ اشعار کی جملہ تعداد ۱۰۷ ہے۔

ہر کتاب کی طرح اس کتاب پر بھی میں نے تاریخی قطعہ تحریر کئے۔ جس میں سنہ اشاعت ہجری ۱۴۴۱ اور عیسوی 2019 برآمد ہوتا ہے۔ فصیح اور فارسی الفاظ کی حل اللغات کی گئی اور جہاں عوام الناس کا املاء کے غلط پڑھنے کا اندیشہ تھا وہاں اعراب بھی لگا دیئے گئے تاکہ الفاظ صحیح پڑھے جاسکیں۔

مَیں شکر گزار ہوں برادران خرد سید عبدالمتعال قادری لا اُبالی، سید عبدالمستعان قادری لا اُبالی، سید عبدالمقسط قادری لا اُبالی، سید عبدالمؤخر قادری لا اُبالی کا جو وقتاً فوقتاً میری مدد کرتے رہے۔ اور جب کبھی تحریری کام کرتے کرتے تھک جاتا تو میرے فرزند سید عبداللطیف ثانی قادری لا اُبالی، اور میرے بھتیجے بھتیجیاں بالترتیب مقدام، عمار، امامہ، مخلف، امیرہ، دستگیر اطال اللہ عمرھم میرے پاس آتے اور کچھ دیر کھیلتے جس کی وجہ سے مَیں تازہ دم ہوجاتا اور پھر کام میں مصروف ہوجاتا۔

آخر میں مَیں شکریہ ادا کرتا ہوں محمد جاوید صاحب، محمد انوار اللہ صاحب اور محمد عبدالرزاق صاحب کا جو کتابت اور طباعت کے مراحل انجام دیئے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہم تمام پر رحم و کرم فرمائے اور مصنفہ مرحومہ کی مغفرت فرمائے۔ آمین

راقم الحروف

قطمیر غوث اعظمؒ و لطیف لا اُبالیؒ

ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لا اُبالی الجیلانی

سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب

المرقوم ۱۲؍ رشعبان ۱۴۴۰ھ مطابق ۱۸؍ اپریل 2019

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri Collection Peer Sahib Hyderabad India

قطعہ تاریخ سنہ اشاعت

از مرتب

غرق ہے یہ نور میں روضہ شہ رزاق کا
غوث کا دیدار ہے گویا شہ رزاق کا
طاق میں دل کے تخیلات ہیں سجا و سب
۱۴۴۱ھ
یوں بنالیا ہوں میں نے نقشہ شہ رزاق کا

لفظ تخیلات کے اعداد جمع کریں تو ۱۴۴۱ برآمد ہوگا۔

ہر مصرعہ کے سر حرف کے اعداد دیکھا گئے جائیں تو سنہ ۲۰۱۹ ہوتا ہے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

حضرت فخر اولیاءؒ کے مختصر حالات

پیر و مُر شِد شیخ الاصفیاء فخر الاولیاء حضرت سید شاہ عبد الرزاق قادری لااُبالی الجیلانی قدس اللہ سرہ کی ولادت تعلقہ ادونی ضلع کرنول میں ۵ر محرم الحرام ۱۳۰۶ھ مطابق ۴ر آبان ۱۲۹۷ف مطابق ۱۲ر ستمبر ۱۸۸۸ء یوم چہار شنبہ ہوئی۔ والد محترم کا نام حضرت سید شاہ غوث قادری لااُبالی الجیلانیؒ اور والدہ محترمہ کا نام سیدہ خاتون صاحبہ بی بنت حضرت سید شاہ طاہر جُنیدیؒ ہے۔

حلیہ مبارک: متوسط قد، کشادہ و بلند پیشانی، ابرو غیر پیوستہ، بلند بینی، آنکھوں کے نیچے حلقے، رنگ صاف ڈاڑھی غیر گنجان اور تھوڑی پر (دونوں گالوں پر ڈاڑھی کے بال بہت کم تھے)، گردن بلند، گھر میں ہمیشہ سفید کرتا پاجامہ زیب تن فرماتے اور کروشیا کی سفید گول ٹوپی پہنتے۔ نماز جمعہ کے لئے یا کسی تقریب میں جانے کے لئے کبھی عبا اور کبھی شایا استعمال فرماتے اور عمامہ باندھ کر کندھے پر تیلیا رومال ڈالتے۔ بسا اوقات شیروانی بھی استعمال فرماتے۔

آپ کا سلسلہ نسب: آپ کا سلسلۂ نسب ۲۳ ویں

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

پشت میں حضور غوث اعظم سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی سے اور ۳۴ویں پشت میں حضرت سیدنا امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے ملتا ہے یہ شجرۂ نسب تذکرہ اجداد ھادی، عطائے عطا، اور تذکرہ فقیر میں موجود ہے۔

خوارق و کرامات: آپ کی کرامات بے شمار ہیں جن کا سلسلہ آج بھی جاری ہے جو تذکرہ فقیر میں ملاحظہ فرمائیں۔

سفر: اللہ رب العزت نے آپ کو حج بیت اللہ اور زیارت مدینہ منورہ کی سعادت سے مشرف فرمایا۔ یہ سفر بحری جہاز سے چھ ماہ سے زائد عرصے کا تھا۔ حج بیت اللہ کے علاوہ عراق، شام ،اردن اور قبلۂ اول بیت المقدس (فلسطین) کا بھی آپ نے سفر فرمایا اور یہ بھی چھ ماہ کا سفر تھا۔ یہ دونوں بحری دلچسپ سفر نامے الحمدللہ کتابی شکل میں دستیاب ہیں۔

وصال: سات ماہ علالت میں گزار کر ۱۰ربیع الثانی ۱۳۷۳ھ م ۱۸؍ڈسمبر ۱۳۵۳ء بروز جمعہ بعد عصر مکان مسکونہ کی خانقاہ میں وصال ہوا۔ ۱۱ربیع الثانی کو مسجد چوک میں بعد نماز ظہر نمازِ جنازہ ادا کی گئی اور بعد نماز عصر اندرون احاطہ درگاہ حضرت پتھر والے صاحب میں تدفین عمل میں آئی۔

نماز جنازہ اور تدفین میں مُریدین و معتقدین کا جم غفیر موجود تھا۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Muhaimin Quadri Digitization eGangotri

جانشین: آپ کے بھتیجے حجۃ العلماء والمشائخ ہادیٔ دکن حضرت شاہ محی الدین قادری ہادی لا ابالی الجیلانی قدس اللہ سرہ (جنہیں آپ نے اپنی حین حیات ہی اپنا جانشین مقرر فرمادیا تھا) آپ کے جانشین، سجادہ نشین مسندِ رُشد وہدایت سلسلۂ عالیہ قادریہ رزاقیہ لاابالیہ پر جلوہ افروز ہوکر ۵۰ سال تک بندگان خدا کو راہِ ہدایت دِکھاتے ہوئے 450 تحقیقی کتب تصنیف وتالیف فرمائے۔

راقم الحروف: راقم الحروف (مرتبِ کتاب ھٰذا) حضرت ہادیٔ دکن ڈاکٹر سید شاہ محی الدین قادری ہادی لا ابالی الجیلانی قدس اللہ سرہ العزیز کا خلف اکبر وجانشین ہے۔

فقط

قطمیر غوث اعظمؒ و لطیف لا اُبالیؒ

ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لا اُبالی الجیلانی

سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھروالے صاحب

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

عرض داشت قمرؔ

اے مرے پیر طریقت! مرے مالک' سرکار
آپ عرفاں کے سمندر کے ہیں دُرِ شہوار

آپ ہو شاہِ ولایت کے گھرانے کے چراغ
آپ کا ہے قلب روشن تو منور ہے دماغ

آپ زمانے پہ عیاں اے شہِ عبدالرزاقؒ!
آپ کا خَلق کی خدمت کے لئے استغراق

اے مرے خُلق و مروت کے مجسم شاہکار
خدمتِ خَلق ہی تھا آپ کا دنیا میں شعار

بے سہاروں کے غم و ضبط کا یارا ہو تم
ڈوبتوں کے لئے تنکے کا سہارا ہو تم

مَسلکِ فَقر و طریقت کو اُبھارا آپ نے
علمِ عرفاں کو زینت دی' سنوارا آپ نے

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

آپ سے راز، طریقت کا کوئی چُھپ نہ سکا
آپ کا قلبِ مصفا سدا روشن ہی رہا

آپ احکامِ شریعت کے ہو پابند و مدام
معرفت میں بھی رہا آپ کا اک خاص مقام

صبر ہے آپ میں، تسلیم و رضا کی خُو ہی
آپ ہو منبعِ اخلاق و مجسم نیکی

پیرِ کامل ہو، حقیقت کا سراپا تم ہو
آخرت کی شمع، دنیا کا اُجالا تم ہو

بلبلوں کو دیا پیغامِ بہاراں تم نے
کِیا شاداب طریقت کا گُلِستاں تم نے

فصلِ گل آگئی پیغام بہاراں تم ہو
باغباں تم ہو، شریعت کا گُلِستاں تم ہو

عندلیبان چمن نغمہ سرا ہیں ہر سُو
نغمۂ حق میں پپِیہا کہا پِیہُوُ، پِیہُوُ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad India Collection Peer Hamid Quadri Digitization eGangotri

چشمۂ فیض، گلستاں میں بہایا تم نے
معرفت کی جو حقیقت تھی دکھایا تم نے

باغِ حق میں گلِ رنگین کھلایا تم نے
جلوۂ حق کی بہاروں کو دِکھایا تم نے

آپ کو ہے شہہِ بغداد سے نسبت شاہا
ملتی ہے صاحبِ قسمت کو یہ عزّت شاہا

آپ بیشک شہِ بغداد کے ہو نورِ نظر
اور چمکتے ہی رہے دہر میں مانند قمر

معدنِ جُود و سخا، منبعِ عرفاں تم ہو
حامئی بے کساں، ہمدردِ غریباں تم ہو

آپ مشفق ہیں، مریدوں کے پدر ہیں بیشک
ہر مصیبت کے لئے آپ سپر ہیں بیشک

ہو مرے واسطے نعم البدل پدرِ شفیق
کیا ہوں اوصاف بیاں آپ مجسم ہو خلیق

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

آپ کو پائی تو ماں باپ کو میں بھول گئی
اور تو اور ہیں خود آپ کو میں بھول گئی

جام عرفاں کے مِلے اور وہ جب نوش ہوئے
فکرِ عقبیٰ، غم دنیا تھے فراموش ہوئے

فکرِ عقبیٰ، غم دنیا سے چُھڑایا تم نے
مرتبہ بے شبہ ہر آن بڑھایا تم نے

آج بھی آپ کے احسان کا دم بھرتی ہوں
آج بھی آپ کے فیضان کا دم بھرتی ہوں

منبعِ فیض و کرم معدنِ فیضان و عطا
مرکزِ داد و دہش، اے خضرِ راہ نما!

آپ کا نام زباں پر جونہی آجاتا ہے
دِل پژمُردہ مسرت سے کِھلا جاتا ہے

علمِ عرفان کا انمول خزانہ تم ہو
مایۂ ناز ہو اور فخرِ زمانہ تم ہو

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Saheb Hyderabad Digitization eGangotri

آپ نے سب کو بتایا ہے حقیقت کا سُراغ
ظلمتِ دہر میں ہو آپ ہی مانند چراغ

آپ اسرار و معارف کے رہے عُقدہ کُشا
بھولے بھٹکوں کے لئے راہبر و راہ نما

ڈالی از راہِ کرم آپ نے جس دل پہ نظر
جگمگا اُٹھا وہ، روشن ہُوا مانندِ قمر

کیا رقم کر سکے اوصاف و عنایاتِ حضور
آپ کی مدح میں خامی کی زباں ہے معذور

آپ ہی یاد رہے، کچھ نہ رہا یاد مجھے
یعنی ہر فکر سے فرمادیا آزاد مجھے

دونوں عالم میں کیا بے شبہ آزاد مجھے
یعنی ہر فکر سے فرمادیا آزاد مجھے

وسعتِ کون و مکاں مجھ کو بتایا تم نے
یعنی دریا کو بھی کوزے میں دِکھایا تم نے

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

آپ نے رمزِ حقیقت کو جہاں سمجھایا
رحمتِ حق اُتر آئی جو کرم فرمایا

فکرِ عقبیٰ نہ رہی ، خلد کا ساماں تم ہو
پیرِ کامل بھی ہو ، فردوس بہ داماں تم ہو

دل کو صیقل کیا ، آئینہ بنایا تم نے
جس میں تصویرِ حقیقت کو دکھایا تم نے

کیا ہوں اوصاف بیاں اے شہِ عبدالرزاقؒ!
مدح خواں میں ہی نہیں بلکہ ہے سارا آفاق

کوئی خوش بخت نے جب آپ کی قربت پائی
گویا دنیا ہی میں اس شخص نے جنت پائی

آپ کا در ہے زمانے میں درِ فیضِ عام
سب کو ملتا ہے تصدق درِ والا سے مدام

آپ بھر دیتے ہیں ہر ایک کا دامن خالی
چاہے وہ بے کس و مجبور ہو یا ہو عالی

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

آپ نے اپنے عمل سے ہے وہ عظمت پائی
ہوگیا آپ کا ہر فردِ جہاں شیدائی

علم پر ناز زمانے میں تھا جن کو وہ سب
آپ کے سامنے تہہ کردیئے زانوئے ادب

آپ نے علم کی وہ شمع جلائی ہے حضور
روشنی پھیلی ہوئی جس کی ہے نزدیک و دُور

جام عرفان کے جو آپ دیئے جاتے ہیں
تشنگانِ جہاں سیراب ہوئے جاتے ہیں

ناز بردارِ جہاں ' مونسِ رنداں ساقی
طاقتِ صبر نہیں نام کو مجھ میں باقی

حلق سوکھا ہے زباں جلتی ہے اور خشک ہیں لب
مئے عرفان کے دینے میں نہ تاخیر ہو اب

وہی مئے ڈالو مرے قلب کے پیمانے میں
جو سدا ڈھلتی ہے بغداد کے مئے خانے میں

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

صاحبِ کشف ہو اور صاحبِ ایمان ہو آپ

اپنے شیدائیوں پہ دل سے مہرباں ہو آپ

فیض سے صاحبِ ایمان بنایا تم نے

فی الحقیقت ہمیں انسان بنایا تم نے

عرض کرتی ہوں وہ حالات جو مجھ پر گزرے

ساکنانِ جہاں سن لیں اسے گوشِ دل سے

میں نے رکھا ہی تھا آرام کی دنیا میں قدم

ناگہاں ٹوٹ پڑا کوہِ الَم ، کوہِ غم

زندگی میری سنور نے بھی نہیں پائی تھی

چین کی سانس بھی قسمت نے مجھے لینے نہ دی

آرزو حسرت و ارماں نہ نکلنے پائے

میں نے منصوبے جو باندھے تھے وہ دل ہی میں رہے

پڑ گئے دل میں مرے ہجر و الَم کے ناسور

میں جو غمگین تھی تو قلب تھا میرا مہجور

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

مجھ پہ صد حیف مقدر نے ستم ڈھائے ہزار
دیکھتے دیکھتے اجڑی مری گلشن کی بہار

میں نے صدمے وہ اُٹھائے وہ غم جھیلے کہ آہ
میری دنیا مرے آگے ہوئی صد حیف تباہ

زینتِ فرق گئی، چھن گیا جب تاج مِرا
اُٹھا گیا عالَمِ اسباب سے سر تاج مِرا

زندگی ہوگئی پھر کیف سے خالی میری
تھی ترقی پہ پراگندہ خیالی میری

زندگانی میں کوئی لطف ہی باقی نہ رہا
میکدہ ہوگیا ویران، کہ ساقی نہ رہا

پھر مجھے ہونے لگی راہِ حقیقت کی تلاش
رہبرِ صادق و سردارِ طریقت کی تلاش

فکر عقبیٰ، غم دنیا میں گرفتار تھی میں
پیر کامل کے لئے حق سے طلب گار تھی میں

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

میں پریشان تھی، بے چین تھی، مجبور سی تھی
مطمئن دل نہ تھا، مایوس تھی، مہجور سی تھی

غم کے طوفاں میں بہی جاتی تھی دل کی کشتی
بوجھ دنیا پہ ہوئی جاتی تھی میری ہستی

غمزدہ ہو کے میں جس سمت نکل جاتی تھی
ایک ویران سی ویرانی نظر آتی تھی

کوئی دنیا میں مِرے درد کا درماں ہی نہ تھا
آخرت کے لئے ہمراہ کوئی ساماں ہی نہ تھا

یاس کی، غم کی گھٹا چھائی ہوئی تھی ہر سُو
سوکھتا جاتا تھا ہر لحظہ میرے تن میں لہُو

بن گیا راہ نما پھر دلِ غم خوار مِرا
نا امیدی کی جھلک مجھ میں جو دیکھی تو کہا

ضبط سے صبر سے لینا ہی پڑے گا اب کام
کسی بندے کو نہیں مصلحتِ حق میں ہے کلام

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

غم خوشی سے کیا برداشت تو ہمت بھی بندھی

الغرض میں نے دلِ زار کو ڈھارس دے لی

یک بیک دل نے مرے راہ مجھے دکھلائی

خدمتِ حضرتِ ذیشان میں فوراً آئی

دلِ غمگین لئے حاضرِ دربار تھی میں

پورے آداب سے وابستۂ سرکار تھی میں

حضرت والا کی پر نور و مقدس صورت

زندگی بخشی ' دکھائی مجھے راہِ جنت

میں نے جس وقت سے ہے آپ کا دامن تھاما

مجھے اس وقت سے ہی راستہ عُقبیٰ کا مِلا

آپ نے مجھ کو مریدی کی جو عزت بخشی

میری تقدیر نے انگڑائی لی ' قسمت چمکی

رمز ' ناچیز کو عرفاں کا بتایا تم نے

درس ' توحید و شریعت کا پڑھایا تم نے

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

دلِ ویران کو حضرت ہی نے آباد کیا
دولتِ دین عطا کر کے مجھے شاد کیا

آپ سے باندی نے جو رشد و ہدایت پائی
آن کی آن میں ایمان کی دولت پائی

آپ کے لطف و عنایت کی نظر سے اے پیر
داغِ دل ہوگیا لاریب مِرا بدرِ مُنیر

دلِ مضطر دلِ بیتاب نے پھر پائی ثبات
پھر سے شاداب ہوا میرا گُلستانِ حیات

کام آہی گئی پھر قوّتِ ایمان میری
ہوگئیں آن میں سب مشکلیں آسان میری

وہ جو گھِرنے کو تھا طوفاں میں سفینہ میرا
پیر کے فضل و عنایت سے ہے ساحل سے لگا

اپنے دامن میں پناہ آپ نے دیدی مجھ کو
اپنے مامن میں پناہ آپ نے دیدی مجھ کو

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

زندگانی میں مری آنے لگی پھر سے بہار
فضلِ اللہ سے لوٹ آیا مرا چین و قرار

کلفتیں دُور ہوئیں، اوج پہ قسمت آئی
لطف تم نے کیا، اللہ کی رحمت آئی

میری بگڑی ہوئی تقدیر بنائی تم نے
دل کی بستی مری ویراں تھی، بسائی تم نے

میرے عیسیٰ کی مسیحائی بھی کام آکے رہی
قلب زندہ ہُوا اور روح بقا پاکے رہی

بھر دیا علم طریقت کا مرے سینے میں
بحرِ ذخّار کو بھی بند کیا کوزے میں

فکرِ عقبیٰ سے مجھے آپ نے آزاد کیا
ایک اُجڑا ہُوا دل تھا مرا آباد کیا

کردیا قلب کی دنیا میں اُجالا تم نے
ایک گرتے ہوئے انساں کو سنبھالا تم نے

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

آپ کی وجہ سے دل مائلِ توحید ہُوا
میرا ایمان و یقیں زندۂ جاوید ہُوا

فیض بخشا مجھے انوار و تجلّی بخشی
دلِ تاریک میں اک روشنی پیدا کردی

فخر سے سَر مِرا اونچا ہی ہُوا جاتا ہے
دَم بَدم آپ کا فیضان چلا آتا ہے

علم سے مجھ کو نوازا ' ہمہ دانی بخشی
زورِ تقریر دیا ' جادو بیانی بخشی

آپ نے مجھ کو بچا ہی لیا ہر خواری سے
خم ہے سَر آپ کے احساں کی گراں باری سے

حسرت و آرزو دیرینہ بر آئی میری
تم نے بگڑی ہوئی تقدیر بَنائی میری

مدتُ العُمر ہوں میں آپ کی ممنونِ کرم
آپ نے رکھ لیا ناچیز کا اے پیر! بھرم

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

کیوں زباں بند کروں اور میں خاموش رہوں
پھر کے کیوں آپ سے' احسان فراموش رہوں

جان و تن آپ پہ قربان کیے جاتی ہوں!
اپنے ایمان کا سامان کیے جاتی ہوں

رہبری تم نے ہی کی' جب تھی میں گم گشتۂ راہ
واقفِ منزل مقصود تمہاری تھی نگاہ

اولاً آپ نے پابند شریعت کا کِیا
پھر کرم کر کے مجھے درس طریقت کا دِیا

آپ کی نظر شفقت تھی ہمیشہ مجھ پر
دور نظروں سے نہ فرمایا کبھی عالی گہر

قلبِ برباد کو گلشن تھا بنایا تم نے
گلِ توحید کو پھر اس میں کِھلایا تم نے

آج بھی آپ کا فیضان ہے جاری مجھ پر
اتر آتی ہے شہا رحمتِ باری مجھ پر

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

مطمئن قلب تھا، تم سے جو ہدایت پائی
مجھ سی مایوس تمنا نے مسرّت پائی

ناز ہے آج بھی اس در کی غلامی پہ مجھے
ناز ہے آج بھی اس گھر کی غلامی پہ مجھے

سر پہ سایہ جو تمہارا ہے تو کیا ڈر ہے مجھے
آپ کا مجھ کو سہارا ہے تو کیا ڈر ہے مجھے

آس ہے مجھ کو قیامت میں بچالیں گے آپ
اپنے دامانِ محبت میں چُھپالیں گے آپ

آپ حق میں مرے فرما دیں اگر شاہ دُعا
نزع کے وقت بھی بچ جائے گا ایماں میرا

آپ فرمائیں اگر مجھ پہ نگاہِ احساں
ہوگا مضبوط سے مضبوط مِرا پھر ایماں

بندہ زادی پہ اگر آپ مہرباں ہوجائیں
آن کی آن میں سب مشکلیں آساں ہوجائیں

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

ہائے تقدیر نے یہ روز ہمیں دِکھلایا
ہوگئے حیف جدا ہم سے جنابِ والا

موت نے ہم سے بہت جلد انہیں چھین لیا
شاید اللہ تعالیٰ کو بھی منظور یہ تھا

اُٹھ گئے حیف جہاں سے وہ بڑے اہلِ کمال
ربیع الثانی کی گیارہ کو ہُوا ہائے وصال

واقفِ رمز گئے، واقف اسرار گئے
حیف دنیا سے طریقت کے وہ سردار گئے

آگئی گلشنِ عرفان میں بے وقت خزاں
ہوگیا دیکھتے ہی دیکھتے تاریک جہاں

سانحہ اِن کی جدائی کا جو معلوم ہُوا
اِن کے حلقے کا ہر اک فرد بھی مغموم ہُوا

اُن کے اُٹھ جانے کا اس درجے ہُوا دل کو ملال
دل جگر بیٹھے، طبیعت ہوئی بیحد ہی نِڈھال

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization

ہوش گم ہوگئے اور صبر کا یارا نہ رہا

ہائے دنیا میں مِرا کوئی سہارا نہ رہا

ایک سناٹا ہے' ویران ہے سارا آفاق

آپ کے ہائے بچھڑنے سے زمانے کو ہے شاق

میرے آقا' میرے مالک' میرے محبوب گئے

آفتابِ فلک' علم و عمل ڈوب گئے

سب کے دل رنج سے معمور ہیں سب ہیں گریاں

چُھپ گیا نظروں سے وہ علم کا مہرِ تاباں

اب کوئی اور نہیں حق کی سنانے والا

بھولے بھٹکوں کو صحیح راہ دکھانے والا

کاٹنے آتے ہیں ہر دَم در و دیوار مجھے

ہے زمانے کا کرم باعثِ آزار مجھے

درد اور رنج سے معمور ہے سینہ میرا

اب جہاں میں کوئی جینا نہیں جینا میرا

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

کیا بتاؤں؟ کسے دکھلاؤ؟ مری حالتِ زار
لُطف جینے میں نہیں زیست ہوئی ہے بیکار

نیم جاں ہجر کے صدموں سے ہوئی جاتی ہُوں
خونِ دل پیتی ہوں اور لختِ جگر کھاتی ہُوں

آپ کی یاد بہت ہی مجھے تڑپاتی ہے
زندگی ہجر میں بے کیف ہوئی جاتی ہے

کیسے اب گوہرِ مقصود کروں گی حاصل
نہ وہ دریا ہے، نہ غوّاص، نہ ہے وہ ساحل

آپ کی یاد میں اس طرح تڑپتا ہے دل
جس طرح لوٹے زمیں پر کوئی مرغِ بسمل

تڑپِ ماہیٔ بے آب مِلی ہے دل کو
موج بیتاب ہے پانے کے لئے ساحل کو

اس سے بڑھ کر نہیں دنیا میں کوئی اور زیاں
با خدا ہستی سے اک ہوگیا محروم جہاں

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

مجھے تاریکی نظر آتی تھی ہر جا، ہر سُو
میری آنکھوں سے برابر ہی رواں تھے آنسو

تابِ گویائی نہیں، بند زباں ہے غم سے
حال ابتر ہُوا جاتا ہے مرا ماتم سے

بے سہارا تھی، میں مایوس تھی، بے آسرا تھی
سوچتی تھی کہ بَسر کس طرح اپنی ہوگی

میرے کام آہی گیا چشم کا گریاں ہونا
بھا گیا حق کو مِرا بے سر و ساماں ہونا

دفعتاً ہاتفِ غیبی نے ندا دی مجھ کو
چین و تسکین کی اک راہ دکھادی مجھ کو

یعنی وہ چَین کا مسکن وہ مزارِ والا
دیکھتے دیکھتے مقبولِ خلائق جو ہُوا

غم بھرا دل لئے پہونچی ہی تھی میں روضے پر
اک سکوں مل گیا مجھ کو، ہوئی حالت بہتر

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheeb Quadri Digitization eGangotri

ہوگیا پھر وہی نا چیز پہ فیضاں جاری

ہوگیا آن میں اک کیف سا مجھ میں طاری

لو لگائی ہوئی رہتی ہوں میں روضے سے مدام

آپ کا نام ہے بس وردِ زباں صبح و شام

جب تصور بھی ذرا آپ کا آجاتا ہے

چہرۂ پاک مرے دل میں اُتر آتا ہے

آپ کے در کی گدائی پہ ہُوں نازاں بے حد

آپ ہیں حال پہ باندی کے مہرباں بے حد

جب کبھی عالمِ افکار میں کھوجاتی ہوں

پیرِ کامل کا سراپا میں وہیں پاتی ہوں

موجبِ چین وسکوں آج بھی ہے مرقدِ پاک

کیمیاء رکھتی ہے تاثیر جہاں کی ہر خاک

دلِ پژمردہ جہاں جاتے ہی کھل جاتا ہے

مدعا قلب کا مرقد پہ بَر آجاتا ہے

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection: Peer Sahib Hyderabad Digitized

چارہ گر آج بھی ہیں آپ وفا داروں کے

آج بھی آپ مسیحا بنے بیماروں کے

آج بھی آپ کا دربار بھرا رہتا ہے

آج بھی آپ کا دریائے کرم بہتا ہے

آج بھی اہلِ غرض روضے پہ آجاتے ہیں

ساتھ ہی گوہر مقصود لئے جاتے ہیں

فیض پاتے ہیں سبھی صاحبِ توقیر و گدا

کبھی رُکتا ہی نہیں آپ کا یہ دستِ عطا

دولت دین جو جی بھر کے لٹاتے ہیں آپ

مانگنے والوں کی توقیر بڑھاتے ہیں آپ

آپ کے فیض کا اندازِ بیاں کون کرے

آپ کے فیض کو اے پیر! عیاں کون کرے؟

آپ کی داد و دہش آپ کی بخشش شاہا

بے شبہ سارے زمانے میں ہے حاتم سے سوا

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

دین و ایمان کے وہ لعل و گُہر دیتے ہیں
بند منہ، مانگنے والوں کا بھی کردیتے ہیں

آج بھی آپ کی ہے صبر و عنایت باقی
دور نظروں سے ہیں لیکن ہے شفقت باقی

آج بھی آپ کے اخلاق کا قائل ہے جہاں
آپ کے حُسنِ عمل کے ہیں سبھی مدح خواں

آپ انصاف و رواداری وہ فرماتے ہیں
آپ کے سامنے اغیار بھی شرماتے ہیں

کارِ خیر آپ نے ہر وقت ہی انجام دیا
جس کا مداح زمانے میں ہے ہر چھوٹا بڑا

آپ دنیا میں نہیں ہیں، ہے مگر آپ کی یاد
کرتی رہتی ہوں دلوں کو سدا آباد و شاد

آج بھی آپ کی دنیا میں وہی ہے شہرت
آپ چاہیں تو بدل جائے ہماری قسمت

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

آج بھی آپ کا دریائے کرم باقی ہے
جس کے باعث ہی فقیروں کا بھرم باقی ہے

روئے انور کی زمانے میں چمک ہے قائم
چُھپ گیا چاند مگر اس کی دمک ہے قائم

آپ کا ابرِ کرم یونہی سدا برسے گا
آپ کو چاہنے والا نہ کبھی ترسے گا

اے مرقلب کے مالک! مری جاں کے مختار!
لاڈلے غوثؓ کے' عرفان کے گلشن کی بہار

میرے آقا' مری فریاد کو سننے والے
ہر مصیبت میں مدد وقت پہ کرنے والے

تم پہ قربان ہوں مَیں اور مِری جان نثار
آپ کی ذاتِ گرامی پہ مرا دار و مدار

مجھ پہ تا حشر رکھیں آپ عنایت کی نظر
لطف کی' پیار کی' الفت کی' محبت کی نظر

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

آپ جو مجھ پہ سدا یونہی مہرباں رہے

آخری وقت بھی قائم مِرا ایمان رہے

مجھ پہ تا حشر سدا آپ کا فیضان رہے

نزع کے وقت سلامت میرا ایمان رہے

رب کی درگاہ میں ہر دم ہے قمرؔ کی یہ دُعا

تا قیامت رہے باقی یہ گھرانا مولیٰ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

مطبوعاتِ دارالھدیٰ

حضرت فخر اولیاءؒ۔ حضرت فخر اولیاء سید شاہ عبدالرزاق قادری لاابالی فقیر قدس اللہ سرہٗ

حضرت ہادیٔ دکن۔ حضرت ہادیٔ دکن سید شاہ محی الدین قادری ہادی لاابالی الجیلانی قدس اللہ سرہٗ

مرتب۔ ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لا ابالی الجیلانی سجادہ عفی عنہ

نشان سلسلہ	نام کتاب	مصنف رمولف	سنہ اشاعت ہجری	سنہ اشاعت عیسوی	کیفیت
۱	راہ جنت	حضرت فخر الاولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۶۵	ڈسمبر 1945	طبع اول
۲	گلشن نعت	حضرت فخر الاولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۶۷	نومبر 1947	طبع اول
۳	روزمرہ کی دعائیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۳۸۳	جنوری 1964	
۴	تعمیر نو	حضرت ہادیٔ دکنؒ	محرم الحرام ۱۳۸۵	مئی 1965	
۵	گلشن نعت	حضرت فخر اولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۸۸	اپریل 1968	طبع ثانی
٦	نماز کا صحیح طریقہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع الثانی ۱۳۹۳	مئی 1973	
۷	گیارہ سورتیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولی ۱۴۰۰	اپریل 1980	
۸	بارہ سورتیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۰۰	مئی 1980	
۹	شرح الطالعۃ السعودیہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع الثانی ۱۴۰۳	مارچ 1983	
۱۰	مختارات الادب	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۰۳	مارچ 1983	
۱۱	مواعظ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۰۹	ڈسمبر 1988	
۱۲	صوتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۱۰	ڈسمبر 1989	
۱۳	مختصر حالات اولیائے حیدرآباد	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۱۰	اپریل 1980	
۱۴	مختصر احوال علماء و اولیاء حیدرآباد	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۱۰	اپریل 1990	

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Quadri Collection Hyderabad Digitization eGangotri

۱۵	مختصر تاریخِ ادبِ عربی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۲	نومبر 1991	
۱۶	تذکرہ اجدادِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۳	نومبر 1992	
۱۷	گلدستۂ نعت ومنقبت	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ذی الحجہ ۱۴۱۳	جون 1993	گلدستہ
۱۸	صوفی صفات صحابہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۱۴	ڈسمبر 1994	
۱۹	تربیتی واصلاحی دروس	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رجب المرجب ۱۴۱۵	ڈسمبر 1994	
۲۰	نقشِ تابندہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۱۶	نومبر 1995	
۲۱	مجلّہ قادریہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۷	ستمبر 1996	
۲۲	تحیاتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رجب المرجب ۱۴۱۷	ڈسمبر 1996	
۲۳	خیر البشر رسولؐ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۱۸	ڈسمبر 1997	
۲۴	فواصلِ قرآن	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۱۹	ڈسمبر 1998	
۲۵	حدیقۂ نادی الہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۲۰	نومبر 1999	گلدستہ
۲۶	قرآنِ حکیم اور کمپیوٹر	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع المنور ۱۴۲۱	جون 2000	
۲۷	عطائے عطا	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۲	جولائی 2001	
۲۸	صد پارۂ دل	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شوال المکرم ۱۴۲۲	ڈسمبر 2001	
۲۹	فاخر فقیر	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳	جولائی 2002	
۳۰	زکوٰۃ کے آسان مسائل	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۲۳	نومبر 2002	
۳۱	حلال وحرام	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شوال المکرم ۱۴۲۴	ڈسمبر 2003	
۳۲	طیباتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۵	جون 2004	
۳۳	ہادی القرآن	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ذوالحجہ ۱۴۲۵	فروری 2005	
۳۴	قرآن عزیز اور میڈیکل سائنس	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۶	جون 2005	
۳۵	شاگردانِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۲۶	اکتوبر 2005	

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moizuddin Hyderabad Digitization eGangotri

۳۶	بزمِ قادریہ ۱۴۲۷ھ	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لاابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۲۷	جون 2006	گلدستہ
۳۷	لئالئ لؤلؤ	حماد پاشاہ و منظاد پاشاہ (مرتبین)	ربیع الثانی ۱۴۲۸	مئی 2007	
۳۸	گلدستہ محامد اولیاء ۱۴۲۸ھ	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لاابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۲۸	جون 2007	گلدستہ
۳۹	بزمِ قادریہ ۱۴۲۹ھ	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لاابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۲۹	مئی 2008	گلدستہ
۴۰	مناقب غوث الثقلین	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لاابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۳۰	اپریل 2009	
۴۱	مدحِ غریب نواز	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لاابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۳۱	اپریل 2010	
۴۲	غمامِ رحمت	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لاابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۳۲	اپریل 2011	مناقب سرکار لاابالی
۴۳	شعر شعر شبنم	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لاابالی (مرتب)	ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۲	نومبر 2011	
۴۴	نگارشاتِ ہادی	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لاابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۵	سوغاتِ ہادی	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لاابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۶	لطائفِ مہیمن	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لاابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۷	گلستانِ محمدی	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لاابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۳۴	مارچ 2013	گلدستہ
۴۸	گلدستہ قادریہ ۱۴۳۴ھ	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لاابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۳۴	مارچ 2013	گلدستہ
۴۹	خیابانِ قادریہ ۱۴۳۳+۱۴۳۴	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لاابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۳۵	مارچ 2014	گلدستہ
۵۰	جواہر قادریہ	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لاابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۳۵	فروری 2014	گلدستہ
۵۱	چمنستانِ قادریت	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لاابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۳۶	فروری 2015	گلدستہ
۵۲	دُرِ ہادی	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لاابالی (مرتب)	ربیع الثانی ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohammad Quadri Digitization eGangotri

۵۳	گلدستۂ قادریہ ۱۴۳۷ھ	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ
۵۴	گلدستۂ قادریہ لاابالیہ ۱۴۳۷ھ	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ
۵۵	ارشاداتِ قبول (فارسی)	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	ذوالحجہ الحرام ۱۴۳۷	ستمبر 2016	
۵۶	عُرس	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۸	جنوری 2017	گلدستہ
۵۷	عاشق	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۹	جنوری 2018	گلدستہ
۵۸	باقۃ المھیمن (خرد)	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مؤلف)	۱۲ ربیع الاول ۱۴۴۰	۲۰ نومبر 2019	
۵۹	خوارقِ عظمت الٰہی (فارسی)	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (محقق)	۱۴ ربیع الاول ۱۴۴۰	۲۳ نومبر 2019	فارسی سے اردو
۶۰	صندل	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	گلدستہ
۶۱	راہِ جنت	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	طبع ثانی
۶۲	نجم غوث صمدانی قصیدہ خمریہ کا منظوم ترجمہ	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سن تحریر ۱۴۲۲ھ
۶۳	طرب رحمانی دعائے [illegible] کا منظوم ترجمہ	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سن تحریر ۱۴۲۲ھ
۶۴	یا جیلانیؓ مناقب غوث اعظم	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سن تحریر ۱۴۲۳ھ
۶۵	مناقب قطب دوراںؒ	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سن تحریر ۱۴۲۳ھ
۶۶	تکبر اور اس کے اسباب	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سن تحریر ۱۴۱۶ھ
۶۷	گلشن نعت	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سن تحریر ۱۴۱۸ھ
۶۸	کلیاتِ فقیرؒ	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	
۶۹	نصرت اثر منظوم مدائح حضرت [illegible]	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سن تحریر [illegible]

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad Digitized

۷۰	شکر گزار حمد و نعت ۔ حضرت فخرالاولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سن تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۱	فخرِ گلستان حمد، غزلیات ۔ حضرت فخرالاولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سن تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۲	تخیلات عرض داشت قمرؔ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سن تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۳	مُرتاض مناقب فخرالاولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سن تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۴	طشت اذکار	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مولف)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	
۷۵	باقة المهيمن عربی و اردو	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مولف)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohamin Qadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad
Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

MANZOOM ARZI

Ba Peshe Khidmat

Hazrat Fakhre Aauliya

Syed Shah Abdul Razzaq Quadri Laoubali

Al-Maroof Patthar Wale Saheb (Rh)

TAKHAI'ULAAT

1441 H

ARZ-E-DAASHT QAMAR

Musannifa

Alhaja Qamar-un-Nisa Bagum Qamar

Al-Maroof Waeza Bi (Late)

Tarteeb, Tadveen

Qitmeer-e-Ghous-e-Azam wa Lateef-e-Laoubali

Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Laoubali Al-Jilani Sajjad

Sajjadah Nasheen Bargah Hazrat Patther Wale Saheb

Mustaidpura Karwan, Hyderabad (INDIA)

Zer-e-Ehtemaam

Mohd. Aslam Khan Ahqar

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized By eGangotri